Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۲ جمادی الثانی ۱۳۵۳ھ مطابق ۲۲ ستمبر ۱۹۳۴ء نمبر ۳۶ جلد

حصہ اول

حکم اجلاس صاحب پریزیڈنٹ بہادر کونسل

(۱) تجویز جوڈیشل کمیٹی بابت مسمی محمد نسیم مدعا علیہ بنام مسماۃ انتظام بیگم وغیرہ۔	(۳)

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

حکم اجلاس صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

محمد نسیم ولد محمد امین مدعا علیہ   سائل   وکیل

بنام

مسماۃ انتشام بیگم بنت مدعیہ و مقبول احمد و عزیز احمد پسران محمد امین و مسماۃ ممتاز بیگم بنت محمد امین و مسماۃ حسن بیگم بیوہ محمد نعیم و شکن ولد محمد نعیم وارثان ولد محمد نعیم ولدن و مسماۃ … بیگم و مسماۃ منی بیگم نابالغ بولایت شکن و مشتاق … حسین مدعا علیہم فریق ثانی۔

درخواست دادرسی بنا راضی تجویز عدالت العالیہ ہائیکورٹ مورخہ ۱۹ فروری ۱۹۳۳ء مشعر بحالی تجویز و ڈگری عدالت اپیل اول … مورخہ ۱۵ نومبر ۱۹۳۲ء بابت منسوخی تجویز و ڈگری عدالت ابتدائی سب جج نمبری ۲ … منفصلہ ۱۰ اگست ۱۹۳۲ء دعوئے تقسیم مکان بتعین (۱) منجملہ …

عدالت اپیل اول سے دعوے … بغرض تقسیم … بنام … مکان … ڈگری ہوا اور خرچہ بذمہ مدعا علیہ نمبر ایک عاید ہوا۔ اور یہ بھی حکم دیا گیا ہے کہ ایک کمیشن مقرر ہو اور مدعیہ کا قرعہ بقدر حصہ ڈگری شدہ تیار کرے۔ اس حکم کی ناراضی سے محمد نسیم مدعا علیہ نے پنج ہائی کورٹ میں اپیل دائر کیا اور وہاں سے بھی عدالت اپیل اول کی رائے بحال رہی اور ہر فریق کا خرچہ اپیل مذکور ہر فریق کے ذمہ عاید کیا گیا۔ اس فیصلہ کی ناراضی سے محمد نسیم مدعا علیہ نے یہ درخواست دادرسی گزرانی ہے جو اجلاس جوڈیشل کمیٹی میں پیش ہوئی۔ اور بحث وکلا فریقین بھی سماعت کی گئی۔

عدالت ہائے اپیل کے فیصلہ مشرح اور مفصل میں ہر پہلو پر بحث کی گئی ہے ان کے دوہرانے کی ضرورت نہیں ہے وکیل سائل نے کوئی وجہ ایسی نہیں دکھلائی کہ جس کی بنا پر ہم فیصلہ جات عدالت ماتحت اپیل میں دست اندازی کریں۔ ہم کو عدالت ہائے ماتحت اپیل کی رائے سے اتفاق ہے۔ لہذا درخواست دادرسی نامنظور ہے۔

نقل   دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر …

دستخط صاحب پولیٹکل منسٹر بہادر

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

حکم

برائے اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسل ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اصل کاغذات بعد … برائے تعمیل مسل صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر کی خدمت میں بھیجی جائیں۔ ۱۷ ستمبر ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل